## سوال

(284) دوسری رکعت میں التحیات پڑھنا ہوگا یا نہیں؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مغرب کی فرض نماز میں جماعت کے ساتھ فقط ایک رکعت ملے اور پھر دو رکعت باقی رہے تو پھر دوسری رکعت میں التحیات پڑھنا ہوگا یا نہیں؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

امام کے ساتھ مل کر مقتدی نے جو رکعت ادا کی ہے۔ یہ اس کی پہلی رکعت

ہے۔ اس لئے دوسری رکعت پڑھ کر تشہد پڑھے۔ اگر پہلی میں نہ پڑھے۔ دوسری رکعت پڑھ کر تشہد (التحیات) پڑھے۔ تو بھی جائز ہے۔ دونوں مذہب سلف سے چلے آتے ہیں۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد 01 ص 484

محدث فتویٰ